© rasailojaraid.com

# انا للہ و انا الیہ راجعون

۱۷ جنوری کو ڈاکٹر شیخ محمد اکرام رحلت کر گئے ۔ اس خبر پر علمی و ادبی حلقوں کا اظہار تاسف ایک فطری امر ہے ۔ شیخ صاحب کی شخصیت محتاج تعارف نہیں ۔ اپنی علمی و ادبی خدمات کی وجہ سے وہ معروف ہیں ۔ انتقال کے وقت ان کی عمر ٦٥ سال کے لگ بھگ تھی ۔ عمر کے آخری حصہ میں بھی وہ فعال اور سرگرم عمل رہے ۔ وہ بیک وقت کئی علمی اداروں سے منسلک رہے ۔ ادارۂ ثقافت اسلامیہ لاہور کی سربراہی (ڈائرکٹر شپ) کے علاوہ ادارۂ تحقیقات اسلامی اسلام آباد کے بورڈ آف گورنرز کے ایک اہم رکن اور اس کی اکیڈمک کمیٹی نیز جنرلز کمیٹی کے ممبر تھے ۔ شیخ صاحب ادارہ کے معاملات و مسائل میں گہری دلچسپی لیتے تھے اور بورڈ کے اجلاس کی کارروائی میں پابندی سے شریک ہوتے تھے ۔ ان کی وفات سے ادارہ اپنے ایک لائق بزرگ کی سرپرستی سے محروم ہو گیا ۔ اللہ تعالی شیخ صاحب کو غریق رحمت کرے !

(ادارہ)

© rasailojaraid.com